اللہ تبارک وتعالیٰ کی

عظمت، قدرت اور وجود کے دلائل

مولانا محمد عبدالعزیز غازی
خطیب لال مسجد اسلام آباد

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کوئی انسان کسی گھر، دکان، بلڈنگ کا دعویٰ کرے کہ یہ میرا ہے اور اپنی تختی لگادے اور اس پر عرصہ دراز گذر جائے اور کوئی دعوے دار اس گھر، دکان، بلڈنگ کا نہ آئے تو یہ گھر، دکان، بلڈنگ اصل دعوے دار کی سمجھی جائیں گی۔

(۱) دلیل دعوی تخلیق کائنات: آسمان، زمین، کہکشاؤں، ستاروں، سیاروں، انسان، حیوان، درندے، پرندے، نباتات، جمادات، پھل، پھول، سبزیوں غرض یہ کہ ساری کائنات کی کھرب ہا کھرب چیزوں کی تخلیق کا دعویٰ اللہ تبارک وتعالیٰ کا ہے۔ اور ہزاروں سال سے یہ دعوی موجود ہے اور آج تک کوئی دوسرا دعوے دار پیدا نہیں ہوا تو اللہ تبارک وتعالیٰ کا دعویٰ تسلیم کیا جائے گا۔

(۲) کوئی نام بغیر مسمی کے نہیں پایا جاتا۔ ذرا غور کر کے کسی چیز کا نام بتاؤ کہ نام تو ہو لیکن چیز نہ ہو تو اللہ تبارک وتعالیٰ کا نام اور اس کے بہت سارے صفاتی نام اللہ تبارک وتعالیٰ کے وجود کی دلیل ہے۔

جب تک گھڑیاں، موبائل، جہاز، ریلیں، کمپیوٹر، گاڑیاں نہ تھیں تو نام بھی نہ تھا۔ جب ان کو وجود دیا گیا تو نام آیا تو معلوم ہوا کہ نام مسمی کے بعد ہوتا ہے تو اللہ تبارک وتعالیٰ کا وجود ہے تب ہی تو اس کا نام ہے۔

(۳) اللہ تبارک وتعالیٰ کے تمام صفاتی نام کا مظہر اور منظر کائنات میں ہونا اللہ تبارک وتعالیٰ کے وجود کی دلیل ہے۔

اللہ تبارک وتعالیٰ کا **ایک نام خالق ہے** تو کائنات میں کھربوں مخلوقات اس نام کا مظہر اور منظر ہیں۔

اللہ تبارک وتعالیٰ کا **دوسرا نام مصور ہے** تو کائنات میں کھربوں چیزوں کی عجیب وغریب تصویر اسکا مظہر ہیں۔

اللہ تبارک وتعالیٰ کا **تیسرا نام غنی ہے** تو کائنات میں ہر چیز کے بے حساب خزانے اس کے اس صفاتی نام کا مظہر اور منظر ہیں۔

اللہ تبارک وتعالیٰ کا چوتھا نام **قدیر** ہے تو کائنات میں کھربوں مناظر اور مظہر اس کی قدرت کے موجود ہیں۔

اللہ تبارک وتعالیٰ کا **پانچواں نام حکیم** ہے تو اللہ تبارک وتعالی کی حکمت کے بے حساب مناظہر دنیا میں موجود ہیں۔

اللہ تبارک وتعالیٰ کا **چھٹا نام غفار** ہے تو مغفرت کے لاکھوں، کروڑوں مناظر اور مظاہر ہم اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں۔

اللہ تبارک وتعالیٰ کا **ساتواں نام محیی** ہے تو ہم اس کے کھربوں مناظر اور مظاہر دیکھ رہے ہیں۔

اللہ تبارک وتعالیٰ **آٹھواں نام ممیت ہے۔** اس کے کھربوں مناظر دیکھ رہے ہیں اس دنیا میں۔

اللہ تبارک وتعالیٰ **نوا نام معز ہے** تو اس کے بے حساب مناظر اور مظاہر دنیا میں نظر آ رہے ہیں۔

اللہ تبارک وتعالیٰ کا **دسواں نام مذل** ہے تو اس کے بے حساب مناظر اور مظاہر ہم کو دنیا میں نظر آرہے ہیں ۔
اللہ تبارک وتعالیٰ کا **گیارواں نام حفیظ** ہے۔ ساری دنیا میں اس کے کھربوں مناظر اور مظاہر نظر آتے ہیں کہ مرتے مرتے بچا دیتا ہے اور ماؤں کے ارحام اور انڈوں میں نرم ونازک بچوں کی حفاظت کرتا ہے جہاں کوئی اس کا خیال رکھنے والا نہیں ہوتا۔

کائنات کی کھربوں چیزیں اللہ تبارک وتعالیٰ کے وجود،عظمت اور قدرت کی دلیل ہیں۔

ملحدو ذرا سوچو! انسان جو چیزیں مصنوعات تیار کرتا ہے وہ خود بخود نہیں بن سکتیں اسی طرح اللہ تبارک وتعالیٰ کی بنائی ہوئی چیزوں کی تصویر اور مصنوعی پھول، پھل، سبزی خود بخود نہیں بن سکتے تو کائنات کی کھرب ہا کھرب عجیب وغریب صفات والی چیزیں بھی بغیر خالق کائنات اللہ تبارک وتعالیٰ کے بغیر نہیں بن سکتیں ۔ یہاں چند دلائل دیے جارہے ہیں انکو یاد کریں، بچوں کو یاد کرائیں اور ملحدوں کو جواب دیں۔

دَلِیلٌ حَرَکتِیٌّ...... دلیل حرکتی (حرکت کی دلیل) دنیا میں کوئی چیز خود بخود حرکت نہیں کرسکتی ۔ ہر حرکت کرنے والی چیز کے لئے کوئی نہ کوئی حرکت دینے والا ہوتا ہے ۔ دنیا میں کروڑوں گاڑیاں، کروڑوں مشینیں ،لاکھوں جہاز کیا خود بخود بن سکتے ہیں ؟اور خود بخود وہ حرکت کرسکتے ہیں ؟ حرکت دینے والے اور چلانے والے کے بغیر؟ قطعاً نہیں ۔تو ایسے ہی اس جہاں میں کھربوں دل، کھربوں پھیپھڑے حرکت کررہے ہیں کوئی تو ان کو حرکت دینے والا چلانے والا ہے ۔ایسے ہی ہر کہکشاں کھربوں ستاروں اور سیاروں پر مشتمل ہے اور یہ سارے بے حساب رفتار کے ساتھ حرکت کررہے ہیں اور گھوم رہے ہیں تو کوئی تو ہے ان کو حرکت دینے والا وہ صرف اور صرف اللہ تبارک وتعالیٰ کی ذات گرامی ہے اس لئے کہ ان سب چیزوں کی تخلیق کا دعویٰ صرف اور صرف اللہ تبارک وتعالیٰ کا ہے ایسے ہی ان کو چلانے کا دعویٰ صرف اور صرف اللہ تبارک وتعالیٰ کا ہے۔اور دنیا کا مسلمہ اصول ہے کہ کوئی کسی چیز کا دعویٰ کرے اور اس کے مقابلے میں کوئی دعویدار نہ آئے تو پہلے دعویٰ کرنے والے کا دعویٰ قبول کیا جائے گا۔

دَلِیلٌ سَمَاوِیٌّ...... دلیل سماوی (یعنی آسمان کی دلیل) ایک چھوٹی سی چھت خود بخود قائم نہیں ہوسکتی تو کیا آسمانوں کا عجیب وغریب نظام اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل نہیں؟

دَلِیلٌ مَجَرَّتِیٌّ...... دلیل مجرتی (کہکشاں کی دلیل) بے حساب کہکشائیں، ستارے، سیارے اپنے بے حساب وزنوں اور پرفیکٹ نظاموں سے ترتیب میں ہونا اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل ہے۔

دَلِیلٌ شَمْسِیٌّ...... دلیل شمسی (سورج کی دلیل) ایک بلب خود بخود بن بھی نہیں سکتا اور جل بھی نہیں سکتا تو کیا زمین سے تیرہ لاکھ

گنا بڑا سورج جس میں فی سیکنڈ پانچ سو ہائیڈروجن بموں کی گرمی پیدا ہو اور ڈیڑھ کروڑ کلومیٹر کی شعلے اٹھیں اور اس طرح کے کھربوں سورج بنا دینا اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل نہیں؟

دَلِيلٌ أَرْضِيٌّ...... **دلیل ارضی (زمین کی دلیل)** بیس کروڑ مربع میل کی زمین بے حساب نشانیوں والی اور خزانوں والی اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل نہیں؟

دَلِيلٌ جَبَلِيٌّ...... **دلیل جبلی (پہاڑ کی دلیل)** اسلام آباد میں چاغی پہاڑ کا ایک چھوٹا سا پہاڑ بطور ماڈل بنایا گیا ہے وہ خود بخود نہیں بنا تو کیا بے حساب فلک بوس پہاڑ مختلف خزانوں اور پر رونق چیزوں کے ساتھ پیدا کرنا اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل نہیں؟

دَلِيلٌ مَائِيٌّ...... **دلیل مائی (پانی کی دلیل)** ایک پانی کی ٹینکی خود بخود نہیں بن سکتی اور پانی اس میں خود بخود نہیں آ سکتا تو کیا سمندروں اور زمین کی گہرائیوں میں بے حساب پانی اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل نہیں؟

دَلِيلٌ شَجَرِيٌّ...... **دلیل شجری (درخت کی دلیل)** ایک درخت کی تصویر یا مصنوعی درخت اور اس کا پتہ خود بخود نہیں بن سکتا تو کیا بے حساب قسم کے مختلف ڈیزائنوں، رنگوں اور صفات والے درخت اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل نہیں؟

دَلِيلٌ بَحْرِيٌّ...... **دلیل بحری (سمندر کی دلیل)** چودہ کروڑ مربع میل پر ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر اپنی بے حساب رنگا رنگ مخلوقات کے ساتھ اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل ہے۔

دَلِيلٌ لَيْلِيٌّ...... **دلیل لیلی (رات کی دلیل)** ایک کمرے میں آرام کے لئے اندھیرا کرنا ہو تو وہ خود بخود نہیں ہوتا پردے ڈال کر اندھیرا کرنا پڑتا ہے تو کیا زمین کے دس کروڑ مربع میل کے علاقے میں اندھیرا لانا مخلوقات کے سکون کے لئے اور رات بنانا اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل نہیں؟

دَلِيلٌ نَهَارِيٌّ...... **دلیل نھاری (رات کی دلیل)** رات کے وقت تھوڑا سا علاقہ خود بخو د روشن نہیں ہوتا تو کیا نو کروڑ تیس لاکھ میل کے فاصلے سے سورج کا زمین کے دس کروڑ مربع میل کے علاقے کو روشن کر دینا اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل نہیں؟

دَلِيلٌ حَجَرِيٌّ...... **دلیل حجری (پتھر کی دلیل)** سارے جہاں کے سائنسدان مل کر ایک حقیقی پتھر تیار نہیں کر سکتے تو زمین سے بیش بہا قیمتی لاکھوں قسم کے پتھروں کا نکلنا اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل نہیں؟

دَلِيلٌ حَدِيدِيٌّ...... **دلیل حدیدی (لوہے کی دلیل)** زمین میں بے حساب لوہے کے خزانے اور دنیا میں لوہے سے بننے والی لاکھوں مشینریاں اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل نہیں؟

دَلِيلٌ رَمَلِيٌّ...... **دلیل رملي (ریت کی دلیل)** بےحساب قسم کی رنگارنگ ریت اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل ہے۔

دَلِيلٌ ذَهَبِيٌّ...... **دلیل ذہبی (سونے کی دلیل)** زمین میں بےحساب سونے کے خزانے اور پھر سونے کی نعمت سے بننے والے لاکھوں قسم کے زیورات وغیرہ اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل نہیں؟

دَلِيلٌ فِضِّيٌّ...... **دلیل فضی (چاندی کی دلیل)** زمین میں بےحساب چاندی کے خزانے اور پھر چاندی سے بننے والے لاکھوں قسم کے زیورات وغیرہ اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل نہیں؟

دَلِيلٌ رَصَاصِيٌّ...... **دلیل رصاصی (تانبے کی دلیل)** زمین میں بےحساب تانبے کے خزانے اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل ہے۔

انسانی جسم میں اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت،عظمت اور وجود کی دلیلیں

دَلِيلٌ دِمَاغِيٌّ...... **دلیل دماغی (دماغ کی دلیل)** ایک کمپیوٹر اور موبائل ایک انجینئر کے بغیر خود بخود نہیں بن سکتا تو بےحساب مخلوقات کو انکی ضرورت کے مطابق دماغوں کا ملنا اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل نہیں؟

دَلِيلٌ عَيْنِيٌّ...... **دلیل عینی (آنکھ کی دلیل)** ایک مصنوعی آنکھ یا حقیقی آنکھ کی تصویر خود بخود نہیں بن سکتی تو انسانی آنکھ تیرہ تیرہ کروڑ کیمروں والی اور بےحساب مخلوقات کو انکی ضرورت کو مدنظر رکھ کر بےحساب آنکھیں عطا کرنا اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل نہیں؟

دَلِيلٌ أُذُنِيٌّ...... **دلیل اُذنی (کان کی دلیل)** بےحساب مخلوقات کو انکی ضرورت کے مطابق مختلف ڈیزائنوں والے کان عطا کرنا اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل ہے۔

دَلِيلٌ لِسَانِيٌّ...... **دلیل لسانی (زبان کی دلیل)** سارے جہاں کے ماہرین مل کر زبانوں پر سالہا سال غور کر کے ایک قسم کی زبان بھی تیار نہیں کر سکتے تو کیا بےحساب مخلوق کو انکی ضرورت اور غذاؤں کو مدنظر رکھ کر زبانیں عطا کرنا اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل نہیں؟

دَلِيلٌ سِنِّيٌّ...... **دلیل سنی (دانت،داڑھ کی دلیل)** ایک مصنوعی دانت اور داڑھ خود بخود نہ تو بن سکتے ہیں اور نہ ہی مسوڑھوں پر فٹ ہوسکتا ہے تو کیا بےحساب مخلوق کو انکی ضرورت کے مطابق دانت اور داڑھ عطا کرنا اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل نہیں؟

دَلِيلٌ شَفَوِيٌّ...... **دلیل شفوی (ہونٹ کی دلیل)** کسی کا ہونٹ اللہ نہ کرے کٹ کر ضائع ہوجائے تو کیا مصنوعی ہونٹ یا پلاسٹک

سرجری کے ذریعے جسم کے کسی حصے کو کاٹ کر ہونٹ کی سرجری خودبخود ہوسکتی ہے تو کیا بے حساب مخلوق کو انکی ضرورتوں کو مدنظر رکھ کر ہونٹ عطا کرنا اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل نہیں؟

دَلِيلٌ رِئَوِيٌّ ...... دلیل رئیوی (پھیپھڑے کی دلیل) کسی کا پھیپھڑا بیماری سے ضائع ہو جائے کیا سائنسدان مل کر ایک پھیپھڑا بنا سکتے ہیں؟ تو کیا بے حساب قسم کے پھیپھڑے مختلف سائزوں، کیفیات والے عطا کرنا اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل نہیں؟

دَلِيلٌ قَلْبِيٌّ...... دلیل قلبی (دل کی دلیل) ایک مصنوعی دل خودبخود بن بھی نہیں سکتا اور لگ بھی نہیں سکتا تو کیا بے حساب مخلوق کو انتھک نصف صدی اور ایک صدی سے بھی زائد عرصے تک چلنے والے دل عطا کرنا اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل نہیں؟

دَلِيلٌ كَبَدِيٌّ...... دلیل کبدی (جگر کی دلیل) کسی مشینری کا بہت سارے کام کرنا اور بہت ساری صفات پر مشتمل ہونا خودبخود نہیں ہوتا تو کیا انسانی جگر کا پانچ سو قسم کے معجزانہ کام کرنا اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل نہیں؟

دَلِيلٌ مِعْدَتِيٌّ...... دلیل معدی (معدے کی دلیل) سارے جہاں کے سائنسدان مل کر ایک مصنوعی معدہ تیار نہیں کر سکتے تو کیا بے حساب مخلوق کو بے حساب معدے انکی ضرورت کے مطابق عطا کرنا اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل نہیں؟

دَلِيلٌ إِمْعَاوِيٌّ...... دلیل معوی (آنتوں کی دلیل) سارے جہاں کے سائنسدان مل کر ایک مصنوعی آنت تیار نہیں کر سکتے تو کیا بے حساب مخلوق کو غذاؤں سے ضروری اجزائے غذائیہ کیش کرنے والی آنتیں عطا کرنا اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل نہیں؟

دَلِيلٌ طَحَالِيٌّ...... دلیل طحالی (تلی کی دلیل) بے حساب مخلوق کو انکی ضرورت کے مطابق تلیاں عطا کرنا اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل ہے۔

دَلِيلٌ كِلْيَتِيٌّ...... دلیل کلیہ (گردوں کی دلیل) ایک ڈائلائسز کی مشین خودبخود تیار نہیں ہوسکتی تو بے حساب مخلوق کو ان کی ضرورتوں کے مطابق مختلف سائزوں کے گردے عطا کرنا اور انسانی گردوں میں دس دس لاکھ چھلنیوں کا ہونا اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل نہیں؟

دَلِيلٌ عَرَقِيٌّ...... دلیل عرقی (خون کی رگوں کی دلیل) بے حساب مخلوقات کے جسم میں لاکھوں میل خون کی لائنیں اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل ہے۔

دَلِيلٌ عَـرَقِـيٌّ شَعُـرِيٌّ...... **دلیل عرقی (بالوں سے بھی زیادہ باریک خون کی لائنوں کی دلیل)** جسم میں بالوں سے بھی زیادہ باریک بے حساب خون کی لائنیں اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اوروجود کی دلیل ہے۔

دَلِيلٌ شَعُـرِيٌّ......**دلیل شعری (بالوں کی دلیل)** مصنوعی بال خودبخود نہ توبن سکتے ہیں نہ ہی لگ سکتے ہیں تو ہر مخلوق کواس کی ضرورت کومدنظر رکھ کر بے حساب قسم کے بال عطا کرنا اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اوروجود کی دلیل نہیں؟

دَلِيـلٌ خُـلُيَتِيٌّ...... **دلیل خلیتی (خلیے کی دلیل)** ایک ایک خلیے میں پورا جہاں آباد ہونا اوراس کے اندر عجیب وغریب نظام اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اوروجود کی دلیل ہے۔

دَلِيلٌ يَدَوِيٌّ...... **دلیل یدوی (ہاتھوں کی دلیل)** ایک مصنوی ہاتھ خودبخود نہیں بن سکتا تو ہاتھوں کی انگلیاں، کہنیاں اوران کے دائیں بائیں ہرجانب حرکت کرنے کا نظام اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اوروجود کی دلیل نہیں؟

دَلِيلٌ بَنَانِيٌّ...... **دلیل بنانی (انگلیوں کی دلیل)** معصوم بچوں اورعورتوں اورمردوں کی خوبصورت انگلیاں اوران کی عجیب کارکردگی اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اوروجود کی دلیل ہے۔

دَلِيـلٌ ظَـفَـرِيٌّ...... **دلیل ظفری (ناخنوں کی دلیل)** بے حساب مخلوق کوانکی ضروت کے مطابق عجیب وغریب صفات والے ناخن عطا کرنا اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اوروجود کی دلیل ہے۔

دَلِيـلٌ جَـفَـنِيٌّ...... **دلیل جفنی (پلکوں کی دلیل)** بے حساب مخلوق کوانکی ضروت کے مطابق عجیب وغریب صفات والی پلکیں عطا کرنا اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اوروجود کی دلیل ہے۔

دَلِيـلٌ عَـضُـلَتِيٌّ...... **دلیل عضلتي (پٹھوں کی دلیل)** انسانوں اورحیوانات کوانکی جسمانی ضرورت کومدنظر رکھ کرعضلات عطا کرنا اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اوروجود کی دلیل ہے۔

دَلِيـلٌ حَـجَـبِيٌّ...... **دلیل حجبی (بھنوؤں کی دلیل)** آنکھوں کے اوپرخوبصورت بھنویں بنادینا اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اوروجود کی دلیل ہے۔

دَلِيـلٌ جِـلْـدِيٌّ...... **دلیل جلدی (جلد کی دلیل)** بے حساب مخلوق کوانکی ضرورت کومدنظر رکھ کرعجیب وغریب صفات والی جلدیں عطا کرنا اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اوروجود کی دلیل ہے۔

دَلِيلٌ اِبْتِسَامِيٌّ...... **دلیل ابتسامی (مسکرانے کی دلیل)** انسانوں کومسکراہٹ کی نعمت سے لطف اندوز ہونے کے لئے مسکرانے

کی صلاحیت دینا اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل ہے۔

دَلِیلٌ بَصْمَتِیٌّ...... دلیل بصمتی (انگوٹھوں میں علیحدہ علیحدہ نقش ونگار کی دلیل) اربوں انسانوں کے انگوٹھوں میں ہر ایک کو علیحدہ نقش ونگار عطا ہونا اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل ہے۔

دَلِیلٌ صَوْتِیٌّ...... دلیل صوتی (آواز کی دلیل) دنیا کے اربوں انسانوں کو الگ الگ آوازیں عطا کرنا اور ہر مخلوق کی آواز اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل ہے۔

کائنات کی دیگر اشیاء میں اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت، عظمت اور وجود کے دلائل

دَلِیلٌ نَبَاتِیٌّ...... دلیل نباتی (نباتات کی دلیل) بے حساب مختلف صفات والی نباتات اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل ہے۔

دَلِیلٌ ثَمَارِیٌّ...... دلیل ثماری (پھلوں کی دلیل) بے حساب رنگارنگ مختلف لذتوں اور خوشبوؤں والے پھل اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل ہے۔

دَلِیلٌ خَضْرِیٌّ...... دلیل خضری (سبزیوں کی دلیل) بے حساب قسم کی سبزیاں مختلف لذتوں، خوشبوؤں والی اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل ہے۔

دَلِیلٌ لَبَنِیٌّ...... دلیل لبنی (دودھ کی دلیل) پانی اور گھاس کے ملاپ سے جانوروں میں دودھ کے پلانٹ اللہ تبارک وتعالی کی قدرت اور وجود کی دلیل ہے۔

دَلِیلٌ عَسَلِیٌّ...... دلیل عسلی (شہد کی دلیل) پھلوں اور پھولوں کا رس شہد کی مکھی کے منہ میں کیمیاوی عمل کے ساتھ شہد میں تبدیل ہونا اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل ہے۔

دَلِیلٌ طَیْرِیٌّ...... دلیل طیری (پرندوں کی دلیل) بے حساب مختلف رنگوں، ڈیزائنوں، آوازوں، چونچوں، صفات والے پرندے اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل ہے۔

دَلِیلٌ عَنْکَبُوْتِیٌّ...... دلیل عنکبوتی (مکڑی کی دلیل) بے حساب قسم کی مکڑیوں میں عجیب وغریب صفات اور ان کے گھروں کی بناوٹ اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل ہے۔

دَلِیلٌ بَیْضِيٌّ...... دلیل بیضی (انڈے کی دلیل) بے حساب قسم کے رنگارنگ بے جان انڈوں سے بے حساب قسم کے پرندے

اور کیڑے مکوڑے اور مچھلیاں پیدا ہونا اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل ہے۔

دَلِيلٌ مِنْقَارِيٌّ...... دلیل منقاری (پرندوں کی چونچ کی دلیل) بے حساب پرندوں کو انکی ضرورت کے مطابق مختلف ڈیزائنوں ،ساختوں اور صفات والی چونچ عطا کرنا اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل ہے۔

دَلِيلِ حُسْنِ التَّرْتِيبِ...... دلیل حسن ترتیب (حسین ترتیب کی دلیل) کائنات کی بے حساب مخلوق کو حسین ترتیب دینا اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل ہے۔

دَلِيلِ حُسْنِ الصُّوْرَة...... دلیل حسن صورۃ (خوبصورتی کی دلیل) بے حساب انسانوں، پھلوں، پھولوں، پرندوں کو خوبصورتی عطا کرنا اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل ہے۔

پھلوں اور پھولوں میں اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت، عظمت اور وجود کی دلیلیں

دَلِيلٌ رُمَّانِيٌّ...... دلیل رمانی (انار کی دلیل) اناروں کی بہت ساری اقسام اپنی حسن ترتیب اور اپنی عجیب وغریب صفات کے ساتھ اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود پر گواہی دے رہی ہیں۔

دَلِيلٌ بُرْتَقَالِيٌّ...... دلیل برتقالی (مالٹے کی دلیل) ایک مالٹے، سنگترے کی تصویر خود نہیں بن سکتی تو یہ کھربوں ٹن درختوں پر لگے ہوئے مالٹے کیا اللہ تبارک وتعالیٰ کے وجود اور قدرت کی دلیل نہیں؟

دَلِيلٌ وَرَقِيٌّ...... دلیل ورقی (پتے کی دلیل) درختوں کے پتوں کی ایک تصویر یا ایک مصنوعی پتہ خود بخود نہیں بن سکتا تو کیا دنیا میں درختوں، پودوں کے بے حساب رنگا رنگ مختلف صفات، مختلف خوشبوؤں والے، مختلف ڈیزائنوں والے پتے اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل نہیں؟

دَلِيلٌ خُوْخِيٌّ...... دلیل خوخی (آڑو کی دلیل) ایک آڑو کی تصویر خود بخود نہیں بن سکتی تو حقیقی آڑو اپنی خوبصورت رنگ عجیب وغریب صفات کے ساتھ پیدا ہونا کیا اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل نہیں؟

دَلِيلٌ زَهْرَتِيٌّ...... دلیل زھرتی (پھول کی دلیل) دنیا میں ایک مصنوعی پھول یا حقیقی پھول کی ایک تصویر خود بخود نہیں بن سکتی تو درختوں، پودوں پر اگنے والے کھربوں قسم کے پھول مختلف ڈیزائنوں، خوشبوؤں، رنگوں والے کیا اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل نہیں؟

دَلِيلٌ مُوْزِيٌّ...... دلیل موزی (کیلے کی دلیل) کیلے کے درخت کی تصویر یا کیلے کی تصویر خود بخود نہیں بن سکتی تو کیا کیلے کے

درخت، اسکے پھول، اسکے خوشے اوراس پر لگے ہوئے خوبصورت کیلئے اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اوروجود کی دلیل نہیں؟

دَلِيــلٌ تَـمَــرِيٌّ ...... **دلیل تمری (کھجور کی دلیل)** ایک خوبصورت کھجور کے درخت اوراس پر لگی ہوئی کھجور کی صرف تصویر خود بخود نہیں بن سکتی تو کیا دنیا کی کھربوں کھجوروں کے درخت اوراس پر لگی ہوئی انواع واقسام کی کھجوریں مختلف لذتوں والی کیا اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اوروجود کی دلیل نہیں؟

دَلِيـلٌ آنبَـجِيٌّ ...... **دلیل انجی (آم کی دلیل)** ایک مصنوعی آم خود بخود نہیں بن سکتا تو یہ حقیقی چارسوقسم کے آم اپنی عجیب وغریب لذتوں، خوشبوؤں، رنگوں کے ساتھ کیا اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اوروجود کی دلیل نہیں؟

دَلِيلٌ بَصَلِيٌّ ...... **دلیل بصلی (پیاز کی دلیل)** ایک مصنوعی پیاز خود بخود نہیں بن سکتا تو کیا کھربوں ٹن پیاز زمین کے اندھیروں میں بڑی صفائی ستھرائی کے ساتھ تیار ہونا کیا اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اوروجود کی دلیل نہیں؟

دَلِيـلٌ فِـجَـلِـيٌّ ...... **دلیل فجلی (مولی کی دلیل)** ایک مولی کی تصویر خود بخود نہیں بن سکتی تو کیا زمین میں بے حساب مولیوں کے پودے اور مولیاں اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اوروجود کی دلیل نہیں؟

دَلِيـلٌ بَـاذِنـجَانِيٌّ ...... **دلیل باذنجاني (بینگن کی دلیل)** ایک مصنوعی بینگن یا اسکی تصویر خود بخود نہیں بن سکتی تو یہ حقیقی بینگن مختلف وٹامنز، مختلف اجزائے غذائیہ کے ساتھ اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اوروجود کی دلیل نہیں؟

دَلِيــلٌ جَـزَرِيٌّ ...... **دلیل جزری (گاجر کی دلیل)** ایک مصنوعی گاجر خود بخود نہیں بن سکتی تو یہ حقیقی گاجریں انواع واقسام کی مٹی اور پانی کے ملاپ سے بن جانا اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اوروجود کی دلیل نہیں؟

دَلِيـلٌ تُفَّاحِيٌّ ...... **دلیل تفاحی (سیب کی دلیل)** ایک مصنوعی سیب خود بخود نہیں بن سکتا تو انواع واقسام کے سیب، انکے درخت، انکے پھول، انکی عجیب وغریب صفات اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اوروجود کی دلیل نہیں؟

دَلِيــلٌ وَرْدِيٌّ ...... **دلیل وردي (پھول کی دلیل)** ایک مصنوعی گلاب کا پھول یا حقیقی گلاب کے پھول کی تصویر خود بخود نہیں بن سکتی تو یہ بہت سارے انواع واقسام کے گلاب کے پودے اور رنگارنگ گلاب کے پھول اپنی مہکتی خوشبو کے ساتھ اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اوروجود کی دلیل نہیں؟

دَلِيــلٌ نَـرْجَسِـيٌّ ...... **دلیل نرجسی (نرگس کی دلیل)** نرگس کا ایک مصنوعی پھول خود بخود نہیں بن سکتا تو حقیقی نرگس کا پھول اپنی بے حساب خوبصورتی کے ساتھ اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اوروجود کی دلیل نہیں؟

دَلِيلٌ سَمَكِيٌّ...... **دلیل سمکی (مچھلی کی دلیل)** ایک مصنوعی مچھلی یا حقیقی مچھلی کی تصویر خود بخود نہیں بن سکتی تو یہ بے حساب مختلف رنگوں، مختلف ڈیزائنوں، مختلف سائزوں، مختلف ذائقوں والی مچھلیاں اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل نہیں؟

دَلِيــلٌ لُــؤْلُــؤِيٌّ...... **دلیل لولوی (موتی کی دلیل)** ایک مصنوعی موتی خود بخود نہیں بن سکتا تو حقیقی موتی اپنی عجیب وغریب ساخت اور خوبصورتی کے ساتھ اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل نہیں؟

دَلِيــلٌ اَرْنَبِــيٌّ...... **دلیل ارنبی (خرگوش کی دلیل)** ایک خرگوش کی تصویر خود بخود نہیں بن سکتی تو انواع واقسام کے خرگوش انکے خوبصورت رنگ، آنکھیں اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل نہیں؟

دَلِيـلٌ عَـقْـرَبِيٌّ...... **دلیل عقربی (بچھو کی دلیل)** ایک بچھو کی تصویر خود بخود نہیں بن سکتی تو ملحد وسوچو حقیقی بچھو اپنے زہر کے ساتھ پایا جانا اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل نہیں؟

دَلِيـلٌ ثُـعْبَــانِيٌّ...... **دلیل ثعبانی (سانپ کی دلیل)** ایک سانپ کی تصویر خود بخود نہیں بن سکتی تو انواع واقسام کے چھوٹے بڑے سانپ اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل نہیں؟

دَلِيــلٌ تِــمْسَــاحِيٌّ...... **دلیل تمساحی (مگرمچھ کی دلیل)** ایک مگرمچھ کی تصویر خود بخود نہیں بن سکتی تو حقیقی مگرمچھ اپنے عجیب وغریب طاقت، قوت اور دانتوں کے ساتھ پایا جانا اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل نہیں؟

دَلِيلٌ شَاتِيٌّ...... **دلیل شاتی (بکری کی دلیل)** ایک بکری کی تصویر خود بخود نہیں بن سکتی تو یہ بہت ساری انواع واقسام کی بکریاں اپنی ساخت اور اپنے اندر دودھ کے پلانٹوں کے ساتھ اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل نہیں؟

دَلِيـلٌ بَقَرِيٌّ...... **دلیل بقری (گائے کی دلیل)** ایک گائے کی تصویر خود بخود نہیں بن سکتی تو یہ انواع واقسام کی گائیں اپنی مختلف صفات، اپنے دودھ کے پلانٹوں سمیت ہزاروں سال سے انکا بن بن کر دنیا میں آنا اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل نہیں؟

دَلِيلٌ جَامُوْسِيٌّ...... **دلیل جاموسی (بھینس کی دلیل)** ایک بھینس کی صرف تصویر خود بخود نہیں بن سکتی تو یہ انواع واقسام کی بھینسیں اپنے دودھ کے پلانٹوں سمیت ہزاروں سال سے تخلیق پارہی ہیں یہ سب کچھ اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل نہیں؟

دَلِيــلٌ اِبِـلِـيٌّ...... **دلیل ابلی (اونٹ کی دلیل)** ایک اونٹ کی تصویر خود بخود نہیں بن سکتی تو ہزاروں سال سے انواع واقسام کے اونٹ اپنی عجیب وغریب صفات کے ساتھ ان کا وجود میں آنا اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل نہیں؟

دَلِيــلٌ فَــرَسِــيٌّ...... **دلیل فرسی (گھوڑے کی دلیل)** ایک گھوڑے کی تصویر خود بخود نہیں بن سکتی تو یہ انواع واقسام کے گھوڑے

اپنے خوبصورت رنگ وروپ اور طاقت کے ساتھ بن بن کر سامنے آرہے ہیں کیا اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل نہیں؟

دَلِيلٌ فِيلِيٌّ...... **دلیل فیلی (ہاتھی کی دلیل)** ایک مصنوعی ہاتھی خود بخود نہیں بن سکتا تو اتنا بھاری بھرکم اپنے عظیم وجود کے ساتھ اور اپنی عجیب وغریب سونڈ کے ساتھ پایا جانا اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل نہیں؟

دَلِيلٌ أَسُدِيٌّ...... **دلیل اَسدی (شیر کی دلیل)** ایک شیر کی تصویر خود بخود نہیں بن سکتی تو انواع واقسام کے حقیقی شیر اپنی عجیب وغریب طاقت، قوت اور عجیب وغریب دانتوں کے ساتھ انکا تخلیق پانا اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل نہیں؟

دَلِيلٌ نَحْلِيٌّ...... **دلیل نحلی (شہد کی مکھی کی دلیل)** ایک شہد کی مکھی تصویر خود بخود نہیں بن سکتی تو بے حساب انواع وقسام کی شہد کی مکھیاں اور انکا عجیب وغریب شہد اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل نہیں؟

دَلِيلٌ نَمَلِيٌّ...... **دلیل نملی (چیونٹی کی دلیل)** ایک چیونٹی کی تصویر خود بخود نہیں بن سکتی تو بے حساب انواع واقسام کی چیونٹیاں اپنی عجیب وغریب صفات کے ساتھ اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل نہیں؟

دَلِيلٌ بَعُوْضِيٌّ...... **دلیل بعوضی (مچھر کی دلیل)** ایک مکھی کی تصویر خود بخود نہیں بن سکتی تو یہ بے حساب قسم کی مکھیاں اور ان کا عجیب وغریب نظام اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل نہیں؟

دَلِيلٌ طَاؤُوسِيٌّ...... **دلیل طاووسی (مور کی دلیل)** ایک مور کی تصویر خود بخود نہیں بن سکتی تو یہ انواع واقسام کے مور اپنے عجیب وغریب پروں، ڈیزائنوں، رنگوں کے ساتھ ہزاروں سال سے بن بن کر سامنے آنا اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل نہیں؟

دَلِيلٌ دِيْكِيٌّ...... **دلیل دیکی (مرغے کی دلیل)** ایک مرغے کی تصویر خود بخود نہیں بن سکتی تو یہ انواع واقسام کے مختلف رنگوں، ڈیزائنوں والے مرغے اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل نہیں؟

دَلِيلٌ بَازِيٌّ ...... **دلیل بازی (باز کی دلیل)** ایک باز کی تصویر خود بخود نہیں بن سکتی تو حقیقی باز جو ساڑھے تین کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے اڑتا ہے انکا ہزاروں سال سے پایا جانا اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل نہیں؟

دَلِيلٌ عُقَابِيٌّ...... **دلیل عقابی (عقاب کی دلیل)** ایک عقاب کی تصویر خود بخود نہیں بن سکتی تو انواع واقسام کے عقاب اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل نہیں؟

دَلِيلٌ عَظْمِيٌّ...... **دلیل عظمی (ہڈی کی دلیل)** ایک مصنوعی ہڈی خود بخود نہیں بن سکتی تو انواع واقسام کی بے حساب ہڈیاں انسانوں، جانوروں، پرندوں، مچھلیوں میں ہونا اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل نہیں؟

دَلِیلٌ رُکُبَتِیٌّ...... **دلیل رکبتی (گھٹنے کی دلیل)** ایک مصنوعی گھٹنا خود بخود نہیں بن سکتا تو یہ حقیقی گھٹنے انسانوں، جانوروں میں ہونا اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل نہیں؟

دَلِیلُ عُمُوْدِ فَقَرِیٍّ...... **دلیل عمود فقری (ریڑھ کی ہڈی کی دلیل)** ایک ریڑھ کی ہڈی کی تصویر خود بخود نہیں بن سکتی تو بے حساب ریڑھ کی ہڈیاں اپنے عجیب وغریب صفات اور ساخت کے ساتھ پایا جانا اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل نہیں؟

دَلِیْلٌ لَذَّتِیٌّ...... **دلیل لذتی (لذت کی دلیل)** دنیا میں بے حساب چیزوں کے اندر بے حساب لذتیں اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل ہیں۔

دَلِیلٌ صِفَاتِیٌّ...... **دلیل صفاتی (صفات کی دلیل)** کسی مصنوعی چیز میں مختلف فوائد خود بخود پیدا نہیں ہوتے تو کائنات کی کھربوں چیزوں میں کھربوں صفات کیا اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور وجود کی دلیل نہیں؟

پیارے بچو! ڈارون ایک سائنسدان تھا جس نے ایک غلط نظریہ قائم کیا کہ کائنات اور کائنات کی کھربوں چیزیں آہستہ آہستہ ضرورت کے تحت خود بخود بن رہی ہیں۔ پہلے انسان بندر تھا آہستہ آہستہ ضرورت کے تحت انسان بن گیا۔ پرندوں کو اڑنا نہیں آتا تھا آہستہ آہستہ ضرورت پڑی تو انہوں نے پر نکال لئے اور اڑنا شروع کر دیا حالانکہ یہ ایک غلط نظریہ ہے۔

سوال: ملحدوں کو جب اس طرح کے دلائل دیے جائیں تو اس کا جواب یہ ہوتا ہے کہ چلو ہم مان لیتے ہیں ان سب پیچیدہ ترین چیزوں کے بنانے والے اللہ تبارک وتعالیٰ ہیں تو پھر سوال یہ ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ کو کس نے بنایا؟

جواب: اللہ تبارک وتعالیٰ خالق ہیں مخلوق نہیں یہ بحث تو مخلوق میں ہو رہی ہے۔ پھر اللہ تبارک وتعالیٰ کی ذات واحد حقیقی ہے تو جیسے واحد مجازی یعنی ایک سے پہلے کچھ نہیں تو اللہ تبارک وتعالیٰ کی ذات گرامی واحد حقیقی ہے اور اس سے پہلے کچھ نہیں۔

اور اس کے ساتھ ہم جن مصنوعات کی بات کرتے ہیں وہ وہ ہیں جو عدم میں ہوتی ہیں اور انہیں وجود میں لانے کے لئے کوئی ہونا چاہئے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ کی ذات عدم میں نہیں بلکہ ہمیشہ سے وجود میں ہے تو یہ سوال کرنا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ کو کس نے بنایا؟ یہ سوال غلط ہے ورنہ بہت سارے سوالات اگر ہم ملحدوں سے کریں گے تو ان کے پاس جواب نہ ہوگا۔ ڈارون کے نظریہ ارتقاء کے قائل ہیں کہ ضرورت کے تحت ہر چیز میں بہتری آرہی ہے اور وہ چیزیں جن چیزوں اور صلاحیتوں کی ضرورت ہوتی ہے اپنے اندر پیدا کر لیتی ہیں۔

سوال ہے کہ

مثلاً: (۱) کہ بکریوں نے ضرورت کے تحت گوشت کھانا کیوں نہ سیکھ لیا؟ (۲) شیروں نے ضرورت کے تحت گھاس کھانا کیوں نہ سیکھ لیا؟ (۳) بلیوں نے ضرورت کے تحت گھاس کھانا کیوں نہ سیکھ لیا اوران کے سینگ کیوں نہ نکلے؟ (۴) امریکہ، برطانیہ میں مردوں نے ضرورت کے تحت اپنے اندر بچے پیدا کرنے کی صلاحیت کیوں نہ پیدا کی؟ اورانسانوں نے ضرورت کے تحت اڑنا کیوں نہ سیکھا اوران کے پر ہزاروں سال میں کیوں نہ نکلے؟ انسانوں نے ضرورت کی خاطر ہزاروں سال میں موت سے چھٹکارا کیوں نہ حاصل کرلیا اور پھر خصوصاً معصوم بچوں کی موت کیوں واقع ہوجاتی ہے؟ انسان نے ضرورت کے تحت بڑھاپے سے کیوں نہ نجات حاصل کی؟ انسان نے ضرورت کے تحت رات کو دیکھنا اور شیر جیسی طاقت، چیتے جیسی دوڑ کیوں نہ حاصل کی؟ اورانسان نے شیروں جیسے معدے ضرورت کے تحت کیوں نہ حاصل کرلئے؟ (۵) مرغیوں نے ضرورت کے تحت اڑنا کیوں نہیں سیکھا؟ (۶) بندروں سے اگر انسان بنے تو اب یہ ارتقاء کیوں رک گیا ہے؟ اب بندروں سے انسان کیوں نہیں بن رہے ہیں؟ کیا ایسے بندر ہیں جو دس فیصد، بیس فیصد، تیس فیصد انسان بن چکے ہوں؟

اگر تم کہتے ہو کہ کیڑے مکوڑوں نے اڑنا سیکھ لیا تو اب کیڑے مکوڑوں میں یہ ارتقاء کیوں رک گیا؟ ایسے کیڑے مکوڑے بتاؤ جنہوں نے دس فیصد، بیس فیصد یا پچاس ساٹھ فیصد اڑنا سیکھ لیا ہو؟

اگر ضرورت ہی کے تحت مخلوقات میں آہستہ آہستہ تبدیلی آتی ہے تو انسانوں نے انڈے دینا کیوں نہیں سیکھا؟ اوراسی طرح انسانوں نے بعض جانوروں کی طرح اندھیروں میں دیکھنے کی صلاحیت کیوں نہ حاصل کرلی؟ پرندوں کے سینگ کیوں نہیں ہوتے؟ پرندوں کے ہونٹ کیوں نہیں ہوتے؟ اور درندوں کی چونچیں کیوں نہیں ہوتیں؟ انسانون نے جانوروں کی طرح کے معدے کیوں نہ حاصل کرلئے کہ کچی چیزوں کو بھی ہضم کرجائیں اور ہڈیوں کو بھی ہضم کرجائیں؟ ہاضمے کی دوائیں کیوں کھاتے ہیں؟ انسانوں نے شیروں کی طرح طاقت کیوں نہ حاصل کرلی؟ اور چیتوں کی طرح دوڑنے کی صلاحیت کیوں نہی حاصل کرلی؟ اور باز کی طرح ساڑھے تین سوکلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے اڑنا کیوں نہ سیکھ لیا؟ اور گرگٹ کی طرح آنکھیں ہر طرف حرکت کرنے والی کیوں نہ حاصل کرلیں؟ اور مچھلی کی طرح پانی میں رہنا کیوں نہ سیکھ لیا؟

ہمارے پاس تو ان سب چیزوں کا ایک ہی جواب ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے جس چیز کو جن صلاحیتوں اور کیفیتوں کے ساتھ پیدا کیا وہ ویسے ہی ہیں لیکن تم سے ایسے لاکھوں سوالات کیے جاسکتے ہیں اس لئے تم کہتے ہو کہ یہ سب کچھ خود بخود ہورہا ہے تو تمہارے پاس ان سوالات کے کیا جوابات ہیں؟

اسی طرح اس سوال کا جواب کیا ہے کہ کائنات میں کھربوں چیزیں ایسی ہیں کہ سارے بڑے بڑے سائنسداں مل کر ایسی چیزیں تیار نہیں کر سکتے اگر یہ خود بخود بن رہی ہیں تو جو چیز خود بخود بنتی ہے وہ تو آسان ترین ہوتی ہے لیکن یہاں سارے عقل والے ان چیزوں کے پیچیدہ ترین نظام کو سمجھنے سے قاصر کیوں ہیں؟

اسی طرح یہ سوال بھی بے حساب ستاروں ،سیاروں کا ایک پرفیکٹ انداز میں گھومنا کہ اس میں سکینڈوں کا فرق نہ آئے اورمحور سے ایک سینٹی میٹر دائیں بائیں نہ ہوں ایسا کیوں کر ہوا؟ اگر یہ خود بخود ہے تو عقل والے ایسا نظام بنانے سے کیوں قاصر ہیں؟ ہمارا عقیدہ ہے کہ یہ سب عجیب وغریب نظام خالق کائنات اللہ تبارک وتعالی کی عظیم کاریگری ہے لیکن ہمارے سوالوں کا آپ کے پاس جواب کیا ہے؟ پھر یہ بھی سوال ہے کہ ظاہری طور پر تو طاقت والوں کو ہی جیتنا چاہئے لیکن ایسا کیوں ہے کہ دنیا میں چھوٹی چھوٹی جماعتیں بے سروسامانی کے باوجود اور زمینی حقائق ان کے حق میں نہ ہونے کے باوجود وہ کیوں جیت جاتی ہیں؟ آپ کیا جواب دیں گے؟

جبکہ ہمارا عقیدہ ہے اورقرآن مجید ہمیں بتاتا ہے کہ اللہ تبارک وتعالی چھوٹی چھوٹی جماعتوں کو بڑی بڑی جماعتوں پر غالب کر دیتا ہے۔سویت یونین تھوڑا عرصہ پہلے چند ہزار مجاہدین سے کیسے شکست کھا گیا؟ اورامریکہ اوراس کے اتحادی بے حساب لشکر اور بے حساب ساز وسامان کے باوجود کیسے مغلوب ہوتے نظر آرہے ہیں؟ ارشاد باری تعالی ہے: كَمْ مِّنْ فِئَةٍ قَلِيْلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيْرَةً بِإِذْنِ اللّٰهِ . (ترجمہ) بسا اوقات تھوڑی سی جماعت اللہ کے حکم سے بڑی جماعت پر فتح حاصل لیتی ہے

پھر سوال ہے کہ ہزاروں لاکھوں بیمار جن کو بڑے بڑے ڈاکٹر لاعلاج قرار دیتے ہیں وہ اچانک کیسے سخت بیماریوں سے ٹھیک ہوجاتے ہیں؟ ان کو ٹھیک کرنے والا کون ہے؟ سوائے اللہ تبارک وتعالی کے۔ارشاد باری تعالی ہے وَإِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنَ ۔ (اور جب میں بیمار ہوتا ہوں تو وہی (اللہ) مجھے شفا دیتا ہے)

پھر زندگی میں ایسی تکالیف اور پریشانیاں آتی ہیں کہ انسان یہ سمجھتا ہے کہ میری کمر ٹوٹ جائے گی اور ہرطرف سے مایوس ہو جاتا ہے لیکن پھر اچانک حالات بدلتے ہیں عسر سے یسر کے حالات بنتے ہیں۔اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتے ہیں أَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ الَّذِيْ أَنْقَضَ ظَهْرَكَ (ترجمہ)(اے محمد ﷺ) کیا ہم نے تمہارا سینہ کھول نہیں دیا؟ اورتم پر سے بوجھ بھی اتار دیا جس نے تمہاری پیٹھ توڑ رکھی تھی۔اور یہ سب کے ساتھ ہے۔

کتنے بچے ایسے ہوتے ہیں جن کے والدین اور پالنے والے مرجاتے ہیں حادثات کا شکار ہوجاتے ہیں بچوں کو کون پالتا ہے

?ارشاد باری تعالی ہے: اَلْـحَمْدُلِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ (ترجمہ) تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جوتمام جہانوں کا پالنے والا ہے۔
اورارشاد باری تعالی ہے:وَمَـامِـنْ دَآبَّةٍ فِـی الْأَرْضِ إِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا۔(ترجمہ)اورزمین پرکوئی چلنے پھرنے والانہیں مگراس کارزق اللہ کے ذمے ہے۔

سائنس کی کتابوں میں مختلف دھاتوں کے مختلف نقطہ پگھلاؤ لکھے ہوتے ہیں مثلاً لوہا،تانبا،سونا،چاندی کہ یہ اتنی سینٹی گریڈگرمی میں پگھلے گاتو سوال یہ ہے کہ ان دھاتوں کواس کیفیت پرکس نے تخلیق کیا؟ پھر یہ نقطہ پگھلاؤبدلتا کیوں نہیں؟ ساری دنیا میں ایک ہی کیوں ہے؟تمہارے پاس اس کا کیا جواب ہے؟

سائنسدان کہتے ہیں کہ پانی ،ہوامختلف گیسوں کا مجموعہ ہے اورگیسیں ایک بہت محتاط ترین انداز میں ترتیب دی گئی ہیں کہ ذرہ برابرفرق آئے تو ہواپانی میں آگ لگ جائے۔تو سوال یہ ہے کہ یہ بے حساب پانی بے حساب ہوا کواس پیچیدہ ترین انداز میں کس نے ترتیب دیا؟اوراس میں کمی بیشی کیوں نہیں ہورہی؟ ملحدو!تمہارے پاس کیا جواب ہے؟

ہماراعقیدہ ہے کہ سارے جہاں کی ساری چیزیں اللہ تبارک وتعالیٰ نے ایک پرفیکٹ نظام کے تحت تخلیق کی ہیں جس میں کوئی تبدیلی نہیں۔ارشاد باری تعالیٰ ہے: صُنْـعَ اللّٰـهِ الَّـذِیْ أَتْقَنَ كُلَّ شَیْءٍ (ترجمہ) یہ اللہ کی کاریگری ہے جس نے ہر چیز کو مضبوط بنایا۔اورارشاد باری تعالیٰ ہے: مَـاتَـرٰی فِیْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ مِنْ تَفٰوُتٍ ۔(ترجمہ)تم (اللہ) رحمٰن کی تخلیق میں کچھ نقص نہیں پاؤ گےاورارشاد باری تعالیٰ ہے: فَـقَدَرْنَافَنِعْمَ الْقٰدِرُوْنَ ۔(ترجمہ) پھرہم نے اندازہ مقررکیا پس ہم کیاہی خوب اندازہ مقررکرنے والے ہیں۔

مشتری اور اسکے چاندوں کا۔۔۔ پرفیکٹ محوروں پر گھومنا اللہ تبارک وتعالیٰ کے وجود اور قدرت کی عظیم نشانی۔

کل چاند ۷۹۔

تعداد	نام		اوسط بعد میلوں میں		مشتری کے گردش کا زمانہ				قطر میلوں میں	
	انگریزی	اردو	ہندسوں میں	اردو میں	دن	گھنٹہ	منٹ	سیکنڈ	ہندسہ	اردو میں
۱	Io	آئیو	۲۲۰۰۰۰	دولاکھ بیس ہزار	۱	۱۸	۲۷	۳۴	۲۵۰۰	دو ہزار پانچ سو میل
۲	Europa	یوروپا	۴۱۵۰۰۰	پینتالیس ہزار	۳	۱۳	۱۳	۴۲	۲۱۰۰	دو ہزار ایک سو میل
۳	Ganymede	گینی میڈ	۶۶۴۰۰۰	چھ لاکھ چونسٹھ ہزار	۷	۳	۴۲	۳۳	۳۵۵۰	تین ہزار پانچ سو پچاس میل
۴	Callisto	کلسٹو	۱۱۶۷۰۰۰	گیارہ لاکھ ستاسٹھ ہزار	۱۶	۱۶	۳۲	۱۱	۲۹۶۰	دو ہزار نو سو ساٹھ میل
۵	Amalthea	ایمل تھی	۱۱۲۵۰۰	ایک لاکھ بارہ ہزار پانچ سو	۰	۱۱	۵۷	۲۲	۵۵	اوسط پچپن میل
۶	Himalia	ھمالیہ	۷۱۳۵۰۰۰	اکہتر لاکھ پینتیس ہزار	۲۵۰	۱۳	۳۵	۲۰	۱۰۶	ایک سو چھ میل
۷	Elara	الارا	۷۲۹۵۰۰۰	بہتر لاکھ پچانوے ہزار	۲۵۹	۱۵	۴۰	۲	۵۰	پچاس میل
۸	Pasiphae	پیسفی	۱۴۶۰۵۳۰۰	ایک کروڑ چھیالیس لاکھ پینتیس سو	۷۳۵	۰	۰	۰	۲۲	بائیس میل
۹	Sinope	سائینپ	۱۴۷۲۹۶۰۰	ایک کروڑ سینتالیس لاکھ انتیس ہزار چھ سو	۷۵۸	۰	۰	۰	۱۷	سترہ میل
۱۰	Lysithea	لیسی تھی	۷۲۸۴۰۰۰	بہتر لاکھ چوراسی ہزار	۲۵۹	۵	۱۶	۴۸	۱۵	پندرہ میل
۱۱	Carme	کارمے	۱۴۰۴۶۰۰۰	ایک کروڑ چالیس لاکھ چھیالیس ہزار	۶۹۲	۰	۰	۰	۱۹	انیس میل
۱۲	Ananke	آنا نکے	۱۳۱۷۶۰۰۰	ایک کروڑ اکتیس لاکھ چھہتر ہزار	۶۳۱	۰	۰	۰	۱۲	بارہ میل
۱۳	Leda	لڈا	۶۸۹۵۰۰۰	اڑسٹھ لاکھ پچانوے ہزار	۲۳۸	۱۷	۱۶	۴۸	۱۰	دس میل
۱۴	Thebe	تھیبے	۱۳۸۰۰۰	ایک لاکھ اڑتیس ہزار	۰	۱۶	۱۱	۱۶	۶۲	باسٹھ میل
۱۵	Andrastea	ایڈراسٹی	۸۰۲۰۰	اسی ہزار دو سو	۰	۷	۹	۳۰	۱۲	بارہ میل
۱۶	Matis	میٹس	۷۹۵۰۰	اناسی ہزار پانچ سو	۰	۷	۴	۲۹	۲۵	پچیس میل

زحل اوراسکے چاندوں کا پرفیکٹ محوروں پر گھومنا اللہ تبارک وتعالیٰ کے وجوداورقدرت کی عظیم نشانی۔ملحدو!ذراغورکرو۔۔۔کل چاند ۶۲۔

تعداد	نام قمر		اوسط بعد میلوں میں		زحل کے گردش کا زمانہ				قطر میلوں میں	
	انگریزی	اردو	ہندسوں میں	اردو میں	دن	گھنٹہ	منٹ	سیکنڈ	ہندسہ	اردو میں
۱	Pan	پین	۸۳۳۰۰	تریاسی ہزارتین سو	۰	۱۳	۴۸	۰	۱۲	بارہ میل
۲	Atlas	اٹلس	۸۵۸۰۰	پچاسی ہزارآٹھ سو	۰	۱۴	۲۶	۴۴	۱۰	دس میل
۳	Prometheus	پرمیتھس	۸۶۴۰۰	چھیاسی ہزارچارسو	۰	۱۴	۴۲	۴۲	۶۶	چھیاسٹھ میل
۴	Pandora	پنڈورا	۸۸۳۰۰	اٹھاسی ہزارتین سو	۰	۱۵	۵	۲۸	۵۴	چوّن میل
۵	Epimetheus	ایپی میتھس	۹۳۹۰۰	تریانوے ہزارنوسو	۰	۱۶	۴۰	۱۳	۷۴	چوہتر میل
۶	Janus	جینس	۹۳۹۰۰	تریانوے ہزارنوسو	۰	۱۶	۴۰	۱۳	۱۱۰	ایک سودس میل
۷	Mimus	مائی مس	۱۱۵۶۰۰	ایک لاکھ پندرہ ہزار چھ سو	۰	۲۲	۳۷	۵	۲۴۶	دوسو چھیالیس میل
۸	Enceladus	انقلاڈس	۱۴۸۰۰۰	ایک لاکھ اڑتالیس ہزار	۱	۸	۵۳	۷	۳۱۰	تین سودس میل
۹	Tethys	ٹیتھس	۱۸۳۳۰۰	ایک لاکھ تریاسی ہزارتین سو	۱	۲۱	۱۸	۲۶	۶۵۹	چھ سوانسٹھ میل
۱۰	Telesto	ٹیلسٹو	۱۸۳۳۰۰	ایک لاکھ تریاسی ہزارتین سو	۱	۲۱	۱۸	۲۶	۱۴	پانچ،آٹھ،نومیل
۱۱	Calypso	کیلپسو	۱۸۳۳۰۰	ایک لاکھ تریاسی ہزارتین سو	۱	۲۱	۱۸	۲۶	۱۲	پانچ،پانچ،نومیل
۱۲	Dione	ڈائیون	۲۳۴۳۰۰	دولاکھ چونتیس ہزارتین سو	۲	۱۷	۴۱	۹	۶۹۶	چھ سو چھیانوے میل
۱۳	Helene	ھیلین	۲۳۴۳۰۰	دولاکھ چونتیس ہزارتین سو	۲	۱۷	۴۱	۹	۲۰	بیس میل
۱۴	Rhea	ری	۳۲۷۵۰۰	تین لاکھ ستائیس ہزار پانچ سو	۴	۱۲	۲۵	۱۲	۹۵۰	نوسو پچاس میل
۱۵	Titan	ٹائٹن	۷۵۹۵۰۰	سات لاکھ انسٹھ ہزار پانچ سو	۱۵	۲۲	۴۱	۲۴	۳۲۰۰	تین ہزاردوسومیل
۱۶	Hyperion	ھائی پیرئن	۹۲۰۵۰۰	نولاکھ بیس ہزار پانچ سو	۲۱	۶	۳۸	۲۶	۱۸۰	ایک سو اسی میل
۱۸	Iapetus	یپے پیٹس	۲۲۱۳۱۰۰	بائیس لاکھ تیرہ ہزارایک سو	۷۹	۷	۵۵	۱۲	۸۹۲	آٹھ سوبانوے میل
۱۹	Phoebe	فیبے	۸۰۴۹۷۰۰	اسی لاکھ انچاس ہزارسات سو	۵۵۰	۱۱	۳۱	۱۲	۱۳۶	ایک سوچھتیس میل

یورینس اور اسکے چاندوں کا...... پر فیکٹ محوروں پر گھومنا اللہ تبارک وتعالیٰ کے وجود اور قدرت کی عظیم نشانی......ملحدو! ذرا غور کرو۔۔۔۔کل چاند ۲۷۔

تعداد	نام قمر		اوسط بعد میلوں میں		یورینس کے گردش کا زمانہ				قطر میلوں میں	
	انگریزی	اردو	ہندسوں میں	اردو میں	دن	گھنٹہ	منٹ	سیکنڈ	ہندسوں میں	اردو میں
۱	Cordelia	کارڈیلیا	۳۱۰۰۰	تین ہزار ایک سو	۰	۸	۲	۲۷	۲۵	پچیس میل
۲	Ophelia	آفیلیا	۳۳۵۰۰	تینتیس ہزار پانچ سو	۰	۹	۲	۱	۲۷	ستائیس میل
۳	Bianca	بیانکا	۳۶۶۰۰	چھتیس ہزار چھ سو	۰	۱۰	۲۵	۴۸	۳۲	بتیس میل
۴	Cressida	کریسیڈا	۳۸۵۰۰	اٹھتیس ہزار پانچ سو	۰	۱۱	۷	۳۲	۵۰	پچاس میل
۵	Desdemona	ڈیسڈیمونا	۳۹۰۰۰	انتالیس ہزار	۰	۱۱	۲۲	۳	۴۰	چالیس میل
۶	Juliet	جولیئٹ	۳۹۷۰۰	انتالیس ہزار سات سو	۰	۱۱	۵۰	۱	۵۹	انسٹھ میل
۷	Portia	پورٹیا	۴۱۰۰۰	اکتالیس ہزار	۰	۱۲	۱۹	۰	۸۴	چوراسی میل
۸	Rosalind	روزلنڈ	۴۳۵۰۰	ترالیس ہزار پانچ سو	۰	۱۳	۲۴	۱۱	۴۵	پنتالیس میل
۹	Belinda	بیلنڈا	۴۶۶۰۰	چھیالیس ہزار چھ سو	۰	۱۴	۵۷	۵۳	۵۰	پچاس میل
۱۰	Puck	پک	۵۳۵۰۰	ترپن ہزار پانچ سو	۰	۱۸	۱۷	۲	۱۰۱	ایک سو ایک میل
۱۱	Miranda	میرنڈا	۸۰۸۰۰	اسی ہزار آٹھ سو	۱	۹	۵۵	۲۴	۲۹۳	دوسو ترانوے میل
۱۲	Ariel	ایرئیل	۱۱۸۷۰۰	گیارہ ہزار سات سو	۲	۱۲	۲۹	۲۱	۷۲۰	سات سو بیس میل
۱۳	Umbriel	امبرئیل	۱۶۵۳۰۰	ایک لاکھ پینسٹھ ہزار تین سو	۴	۳	۲۷	۳۷	۷۲۶	سات سو چھبیس میل
۱۴	Titania	ٹاٹینیا	۲۷۱۰۰۰	دو لاکھ اکہتر ہزار	۸	۱۶	۵۶	۲۷	۹۸۱	نوسو اکاسی میل
۱۵	Oberon	اوبرن	۳۶۲۳۰۰	تین لاکھ باسٹھ ہزار تین سو	۱۳	۱۱	۷	۴	۹۴۶	نوسو چھیالیس میل
۱۶	Caliban	کیلی بان	۴۴۷۴۸۰۰	چوالیس لاکھ چوہتر ہزار آٹھ سو	۵۷۹	۱۷	۳۱	۱۲	۴۴	چوالیس میل
۱۷	Sycorax	سائیکوریکس	۷۵۸۲۳۰۰	پچھتر لاکھ بھاسی ہزار تین سو	۱۲۸۸	۹	۷	۱۲	۹۳	ترانوے میل
۱۸	Stephano	سٹیفانو	۴۹۷۵۵۶۸	انچاس لاکھ پچھتر ہزار پانچ سو اڑسٹھ	۶۷۶	۰	۰	۰	۲۰	بیس میل
۱۹	Prospero	پروسپیرو	۱۰۱۰۰۰۰۰	ایک کروڑ ایک لاکھ	۱۹۷۸	۸	۵۲	۴۸	۳۱	اکتیس میل

۲۰	Setebos	سیٹی بوس	۱۰۸۲۴۵۳۵	ایک کروڑ آٹھ لاکھ چوبیس ہزار پانچ سو پینتیس	۲۵۲۵	۱	۵۵	۱۲	۳۰	تیس میل

نیپچون اور اسکے چاندوں کا پرفیکٹ محوروں پر گھومنا اللہ تبارک وتعالیٰ کے وجود اور قدرت کی عظیم نشانی ......ملحدو! ذرا غور کرو

---کل چاند ۱۴۔

تعداد	نام قمر		اوسط بعد میلوں میں		نیپچون کے گردش کا زمانہ				قطر میلوں میں	
	انگریزی	اردو	ہندسوں میں	اردو میں	دن	گھنٹہ	منٹ	سیکنڈ	ہندسہ	اردو میں
۱	Naiad	نائیڈ	۲۹۸۰۰	انتیس ہزار آٹھ سو	۰	۷	۳	۵۶	۳۷	سینتیس میل
۲	Thalassa	تھیلیسا	۳۱۱۰۰	اکتیس ہزار ایک سو	۰	۷	۲۸	۳۲	۵۰	پچاس میل
۳	Despina	ڈیسپینا	۳۲۶۰۰	بتیس ہزار چھ سو	۰	۸	۳	۲۰	۹۲	بانوے میل
۴	Galatea	گلیٹی	۳۸۵۰۰	اڑتیس ہزار پانچ سو	۰	۱۰	۱۷	۲۳	۹۸	اٹھانوے میل
۵	Larissa	لیریسا	۴۶۰۰۰	چھیالیس ہزار	۰	۱۳	۱۸	۴۲	۱۱۸	ایک سو اٹھارہ میل
۶	Proteus	پروٹس	۷۳۳۰۰	تہتر ہزار تین سو	۱	۲	۵۶	۸	۲۶۱	دو سو اکسٹھ میل
۷	Triton	ٹرائیٹن	۲۲۰۶۰۰	دو لاکھ بیس ہزار چھ سو	۵	۲۱	۲	۴۰	۱۶۸۱	ایک ہزار چھ سو اٹھائیس میل
۸	Nereid	نیریڈ	۳۴۲۶۳۰۰	چونتیس لاکھ چھبیس ہزار تین سو	۳۶۵	۵	۲	۲۴	۲۱۱	دو سو گیارہ میل

٢٣ محرم الحرام ١٤٤٢ھ